علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اُردو)

وارننگ عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ ا۔ امتحانی مشق میں اگر آپ کسی اور کی تحریر سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے فرد سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں۔ خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔ ۲۔ کسی دوسرے طالب علم سے عاریتاً لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد کی مواد کی چوری (PLAGIARISM) پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: افسانوی ادب (5603) **سمسٹر:** بہار 2026

سطح: ایم اے اُردو

براہِ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔

6- آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلق بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ 1 تا 5)

کل نمبر: 100 **کامیابی کے نمبر:** 40

سوال نمبر 1۔ "فسانہ عجائب" میں رجب علی بیگ سرور نے اسلوب بیان پر بہت توجہ دی ہے جبکہ داستان سے کم سروکار رکھا ہے؟ دلائل کے ساتھ جواب دیجیے۔ (20)

سوال نمبر 2۔ ڈاکٹر سہیل بخاری کی کتاب "اردو داستان" میں سے رام پور کی داستانوں کا مطالعہ کیجیے اور حاصل مطالعہ کا خلاصہ اپنے الفاظ میں تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 3۔ باغ و بہار کا اصل ماخذ کیا ہے؟ نیز یہ بھی بتائیے کہ اس میں موجود تہذیب و معاشرت کے مرقعے آج بھی اپنی اہمیت برقرار رکھے ہوئے ہیں۔ اس کی کیا وجوہات ہیں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ اردو ناول کے پہلے اور دوسرے دور میں کیا فرق دکھائی دیتا ہے؟ وضاحت کیجیے؟ (20)

سوال نمبر 5۔ ابن الوقت میں نذیر احمد دہلوی نے کس حد تک کردار نگاری کے فنی اصولوں کو ملحوظ رکھا ہے؟ وضاحت کیجیے۔ (20)

امتحانی مشق نمبر:2

(یونٹ 6 تا 9)

کل نمبر:100 **کامیابی کے نمبر: 40**

سوال نمبر 1۔ عبدالحلیم شرر کی ناول نگاری کے خصائص پر مفصل نوٹ لکھیے۔ (20)

سوال نمبر 2۔ امراو جان ادا اودھ کی زوال آمادہ تہذیب و معاشرت کا جیتا جاگتا مرقع ہے۔ آپ کی کیا رائے ہے؟ (20)

سوال نمبر 3۔ عبداللہ حسین کے ناول اداس نسلیں کے فکری و فنی محاسن پر اظہار خیال کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 4۔ گردش رنگ چمن کے حوالے سے قرۃ العین حیدر کے اسلوب کا جائزہ لیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5 سجاد حیدر یلدرم افسانہ نگار سے زیادہ انشاپرداز ہیں۔ خیالستان کے حوالے سے جواب تحریر کیجیے۔ (20)